SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Wednesday, February 24, 2010

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at fifty five minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Mr. Farooq Hamid Naek) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰہَ ۭ اِنَّ اللّٰہَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ نَسُوا اللّٰہَ فَاَنْسٰىھُمْ اَنْفُسَھُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾ لَا یَسْتَوِیْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ھُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ﴿۲۰﴾

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص دیکھ (بھال) لے کہ کل (قیامت) کے واسطے اس نے (اعمال کا) کیا (ذخیرہ) بھیجا ہے۔ اور (ہر وقت) اللہ سے ڈرتے رہو۔ اللہ تمہارے سب اعمال سے باخبر ہے۔ (۱۸) اور تم ان لوگوں کی طرح مت ہو جانا جنہوں نے اللہ کے (احکام) کو بھلا دیا تو اللہ نے بھی انہیں اپنی جانوں سے غافل کر دیا اور ایسے ہی لوگ نافرمان (فاسق) ہوتے ہیں۔ اہل نار اور اہل جنت (باہم) برابر نہیں۔ جو اہل جنت ہیں وہی کامیاب ہیں۔

سورۃ الحشر (آیات ۱۸ تا ۲۰)

Questions and Answers

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ We may now take up Questions. عبدالرشید صاحب۔ وہ موجود نہیں ہیں۔

59. * **Senator Abdur Rashid:** Will the Minister for States and Frontier Regions be pleased to state whether it is a fact that the previous regime had approved establishment of an Engineering University in Bajor Agency, if so, the present status of this Project?

Mr. Najmuddin Khan: No establishment of Engineering University was announced for which necessary steps were required to be taken.

The then Governor NWFP during his visit to Bajaur Agency on the occasion of inauguration ceremony of Degree College Nawagai in 2005 announced that in this building the establishment of Engineering University may be considered. The building was situated at Narai Shah, Zoor Bandar Bajour Agency. However, later on this concept was changed and the Technical Team of Engineering University NWFP was directed to visit the Girls Degree College Bajaur to consider feasibility of establishment of Engineering University there. The Technical. Team did not find the site of Girls Degree College feasible therefore for the Engineering University Campus, a scheme in FATA ADP 2006-07 was included and for the selection of a feasible site a Committee was constituted.(Annex-A).

Annexure-A

CIVIL SECRETARIAT (FATA)

Planning & Development Department
Warsak Road, Peshawar

No. Secretary P&D/CS(FATA)/Mega Proejct/2006-07 Dated: 3/10/2006.

1. The Chief Engineer (FATA), Works & Services Department.
2. The Director Education (FATA).
3. The Political Agent, Bajaur Agency.
4. The Political Agent, Orakzai Agency.

Subject: **SITE SELECTION FOR SATELLITE CAMPUSES OF UNIVERSITY OF ENGINEERING & TECHNOLOGY, PESHAWAR IN FATA.**

A meeting was held under the chairmanship of Additional Chief Secretary (FATA) on 27-9-2006 to discuss the satellite campuses of University of Engineering & Technology, Peshawar in FATA. It was, inter-alia, decided that a site selection committee comprising of Chief Engineer (FATA), Director Education (FATA), Political Agent Orakzai Agency and Political Agent Bajaur Agency be constituted, who will select the site for the satellite campuses in FATA. It was also decided that Dr. Mansoor, Dean of University of Engineering & Technology, Peshawar be associated in the finalization of site selection process.

In view thereof, kindly select the sites in Bajaur and Orakzai Agencies and submit a report to this effect at the earliest.

This may be treated as **Most Urgent** please.

3/10
Deputy Secretary-II (P&D)

Copy to:
P.S to Additional Chief Secretary (FATA).
P.A to Secretary (P&D), Civil Secretariat (FATA)

Deputy Secretary-II (P&D) 3/10

The team visited various sites of Bajaur Agency and find feasible site of Narai Shah Zoor Bandar for the establishment of an Engineering University Peshawar. The concerned staff of Engineering University after examining the recommendations prepared a PC.I amounting to Rs.3 billion. However, Higher Education Commission did not agree to this proposal and directed that PC.II (complete feasible study) be prepared first.

A PC.II for Rs.250 million prepared and Political Administration Bajaur Agency has been directed to acquire 500 to 600 Kanals of land for the purpose. (Annex-B).

Annexure-B

MINUTES OF THE MEETING HELD ON 8/1/2010 UNDER THE CHAIRMANSHIP OF SECRETARY (P&D) FATA TO DISCUSS THE PC-II OF THE SATELLITE CAMPUS OF UNIVERSITY OF ENGINEERING AND TECHNOLOGY

A meeting was held under the chairmanship of Secretary (P&D) in his Office on 8/1/2010 to discuss the issue of pending PC-II of Satellite Campus of UET Peshawar. The following attended the meeting :-

a. Secretary (P&D) ...In Chair
b. Additional Secretary (P&D)
c. Additional Political Agent, Bajaur
d. Director (F&P), UET Peshawar.
e. Deputy Director (Dev), Directorate of Edu: FATA.

The Director Finance UET Peshawar informed that preparation of PC-II for Satellite Campus would not be possible for his Team due to non availability of professional required expenditics skills for the job and proposed/suggested that Consultant should be hired by the FATA Secretariat for the purpose.

After detailed discussion, the following decisions were taken:-

i. The Additional Political Agent will visit the site at Narai Shah Zoor Bandar and will furnish report about the availability of land measuring to 500-600 kanal.
ii. The area of Narai Shah will be considered for the creation of an Educational City. The Urban Center idea of Bajaur Khar will not affect this.
iii. PC-II not only for UET but for other Mega Projects like FATA University, Cadet Colleges can be funded from the FATA ADP. In this regard, a summary for Governor will be initiated by P&D FATA immediately.

Revised 2006

Government of Pakistan
Planning Commission

PC-II form

(Social Sectors)

ADP 7/060133 Survey and Feasibility Studies of Establishment of Satellite Campus of UET in FATA

Estimated Cost

Total Rs 250.000 Million

Directorate of Education FATA
FATA Secretariat Warsak Road Peshawar

Government of Pakistan planning commission
Instructions to Fill-in PC-II Proforma (Social Sectors)
Proforma for Development Projects (Survey & Feasibility Studies)

1.	Name by which Survey/feasibility will be identified	ADP 7/060133 Survey and Feasibility Studies of Establishment of Satellite Campus of UET in FATA
2.	Administrative authorities responsible for i Sponsoring ii Execution	FATA Secretariat Peshawar/Director of Education FATA Work & Services Department FATA
3.	➢ Detail of Survey/feasibility study i General description& Justification ii Implementation Period iii Year wise Estimated Cost iv Man Power requirements v Financial Plan	 In FATA there is no UET Campus & there are needs of UET Campus 6 Months The scheme will be implemented in phasing Skilled & un skilled man power will be provided W&S Department FATA Secretariat
4.	• Expected outcome of the survey feasibility study & detail of project likely to be submitted after the survey.	UET Will be established FATA

1.	Name by which Survey/feasibility will be identified	ADP 7/060133 Survey and Feasibility Studies of Establishment of Satellite Campus of UET in FATA
2.	Administrative authorities responsible for i Sponsoring ii Execution	FATA Secretariat Peshawar /Director of Education FATA Work & Services Department FATA
3.	➢ Detail of Survey/feasibility study • Provide a general description of the aims objective & coverage of the survey/feasibility study. • Provide justification for under taking the survey/feasibility study. Indicate whether previous study in the field has been undertaken, if so provide detail.	FATA is the most backward area which is buffer zone between wildly disturbed area of Afghanistan and NWFP Province. The literacy ratio on male side is 29% and that of female 3%. This alarming low engagement of students in Education highly speaks of Degree of ignorance. The social set up, the tribal tradition and economically derogated situation is no way helping the Govt; to keep the discipline. These poor ignorant people are easily preyed by mongers elements particularly terrorists. It is the high responsibility of us to come forward and help these deprived people and put them at par with rest of the world. Though it is the responsibility of state to provide basic facility of Higher Education but the societies do not allow providing equal opportunity to all these youngsters and parents who have all the desire to educate their children and make them peaceful citizen of this country and world at large. In FATA there is no UET Campus& there are needs of UET Campus. The main objectives of the consultants services described herein is to assist the FATA Secretariat through Director of Education FATA, in carrying out feasibility study and design are enlisted as follows in the scope of services. In addition to it, the consultant shall cooperate with respective Director of Education FATA by informing it about the progress of work throughout the services.
	• Indicate duration of study & proposed months of commencement & completion of the study.	6 Months
	• Provide item wise /year wise capital cost estimate of the study broken down between local & foreign exchange. • Indicate date on which cost estimates were prepared & the basis of these estimates.	The duration of the feasibility study/designing is 6 months and Supervision will be carried out as per project period till completion.
	• Sources of financing the capital cost be provided.	FATA Secretariat Peshawar
	• Indicate requirements separately for local & foreign personal i.e professional, technical administrative, clerical, skilled, unskilled, and other along with term of	

	references. • Indicate the period of contract of both the local & foreign consultant along with qualification experiences & the term of their appointment.	
4.	• **Expected outcome** - Indicate the expected outcome of the survey/feasibility study in quantifiable term. It may also be indicated whether any project will be prepared after the survey.	The outcome of the project is to carryout feasibility study, detailed design and construction supervision by the professional consultants and to assist concerned line Directorates The project will be helpful in:- • Improvement of higher educational Facilities • Trade development • Economic uplift of the area • Time Saving

Survey and Feasibility Studies of Establishment of Satellite Campus of UET in FATA

Area	Cost (Rs. in Millions)	Consultancy 2%	Supervision charges 3%
FATA	Rs.5000.000 M	Rs.100 M	Rs.150 M

Total 250.000 M

جناب چیئرمین: جی حافظ صاحب۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: جناب چیئرمین! اس سوال میں یہ بتایا گیا ہے اور میں اس کو مختصراً عرض کرتا ہوں کہ Engineering College کے لیے متعلقہ political agent کو ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ ہدایات کب جاری کی گئی ہیں اور اس کے لیے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب نجم الدین خان (وفاقی وزیر برائے سرحدی و ریاستی علاقاجات): یہ جو 2005 میں گورنر نے وہاں announce کیا تھا Engineering University کے لیے۔ اس پر کافی study ہوچکی ہے اور انہوں نے اس کا PC-1 بھی بنایا ہے جو PSDP کے پاس ہے اور انشاءاللہ تعالیٰ چند دنوں میں اس کا کوئی فیصلہ ہوجائے گا۔

جناب چیئرمین: جی حافظ رشید صاحب۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ وزیر صاحب کو پتا ہے کہ ہماری مہمند ایجنسی میں سنہ 2005 میں یا سنہ 2004 میں، اس وقت افتخار حسین شاہ صاحب گورنر تھے وہ آئے تھے اور وہاں Cadet College کے لیے بنیاد بھی رکھی گئی تھی اور اس کے لیے زمین بھی حاصل کی گئی تھی، پرنسپل کی تقرری بھی ہوگئی تھی، ہر چیز ہوگئی تھی تو اس کے متعلق وزیر صاحب کچھ فرمانا پسند کریں گے کہ اب کیا ہورہا ہے۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب نجم الدین خان: جناب والا! وزیر اعظم پاکستان نے بھی ہر ایجنسی میں ایک Cadet College بنانے کا فیصلہ کیا ہے اور اس کا PC-1 بھی فاٹا سیکرٹریٹ بنا رہا ہے۔ کچھ PC-1 وزیر اعظم سیکرٹریٹ پہنچ گئے ہیں۔ اب ہم نے ہدایات جاری کر دی ہیں کہ وزیر اعظم کے ڈائریکٹو کے مطابق چلا جائے۔ اس میں مہمند ایجنسی بھی شامل ہے۔ ان کے لیے زمین بھی تجویز کر دی گئی ہے اور انشاء اللہ اس پر بھی کام شروع ہوجائے گا۔

جناب چیئرمین: جی اگلا سوال، عبدالرشید صاحب۔ موجود نہیں ہیں۔ اگلا سوال حاجی غلام علی صاحب، اس کا جواب نہیں آیا اور وہ خود بھی موجود نہیں ہیں۔ اگلا سوال عبدالرشید صاحب، موجود نہیں ہیں۔ اگلا سوال حافظ رشید احمد صاحب۔

71 *Senator Hafiz Rashid Ahmad: Will the Minister for States and Frontier Regions be pleased to state the amount spent by the FATA Development Authority under the head of advertisements in print and electronic media during the last two years with year wise break up?

Mr. Najmuddin Khan: The amount spent by the FATA-Development Authority under the head of Advertisement (services, procurements and recruitments etc.) in Print Media during the last two years is given as under:

Year	Development Expenditure	Non-Dev: expenditure	Total Exp:
2007-08	Rs.949,353/-	Rs.133,265/-	Rs.1,082,618/-
2008-09	Rs.1,305,630/-	Rs.117,727/-	Rs.1,423,357/-
Total:—	Rs. 2,254,983/-	Rs.250,992/-	Rs.2,505,975/-

جناب چیئرمین: جی حافظ صاحب سپلیمنٹری سوال۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: جناب چیئرمین! یہاں تو بتایا گیا ہے کہ فاٹا ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے مختلف کاموں میں حصہ لیا ہے۔ ماشاء اللہ اچھی بات ہے لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ میں نے اشتہارات کے بارے میں پوچھا ہے کہ اشتہارات کی مد میں کتنا خرچہ کیا گیا ہے۔ یہاں پر اس کی کوئی تفصیل نہیں آئی، میں اس بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب نجم الدین خان: جناب چیئرمین! اشتہارات کے بارے میں انہوں نے کہا ہے اور ترقیاتی اخراجات کی تفصیل بھی دی گئی ہے جو 2254000 روپے ہے۔ غیر ترقیاتی اخراجات کی تفصیل بھی دی گئی ہے۔ ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات دونوں کی تفصیل ہم نے provide کی ہے۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال کرنل طاہر حسین مشہدی صاحب۔

73. *Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Will the Minister for Interior be plsease to state:

(a) the number of cases of violence against women registered in the country since January, 2008;

(b) the number of rape cases registered in the country during the said period; and

(c) the steps taken by the government to control the said crimes in the country?

Senator A. Rehman Malik: (a) The reply has been prepared according to record available in the National Police Bureau and placed at Annexures– "I" and "II"

(b) The rape cases has also mentioned in the said Annexures.

(c) The steps taken by the Privincial Governments/ICT are at Annexure "III".

Annexure-I

VIOLENCE AGAINST WOMEN
2008

Category of crimes		Punjab	Sindh	NWFP	Balochistan	Islamabad	Railways	Northern Areas	AJK	Total
Domestic Violence	Murder	646	180	141	26	9	2	0	1	1005
	Beating	644	47	64	7	4	0	0	4	770
	Any other	304	60	44	0	0	0	0	0	408
Honour Killing		218	77	31	56	0	0	4	0	386
Burning	Acid	21	0	0	0	0	0	0	0	21
	Stove	10	0	0	0	0	0	0	0	10
Vini		9	0	0	0	0	0	0	0	9
Sexual violence	Rape	1671	162	48	9	0	0	3	2	1895
	Gang Rape	184	41	3	0	0	0	0	0	228
	Custodial	2	1	0	0	0	0	0	0	3
	Incest	45	2	0	0	0	0	0	0	47
Harassment at workplace	Physical	1	5	51	37	0	2	0	0	96
	Sexual	173	33	1	0	0	0	0	0	207
	Psychological	0	0	0	2	0	0	0	0	2
*Any other violence not listed above		2395	96	55	40	17	8	5	99	2715
Total		**6323**	**704**	**438**	**177**	**30**	**12**	**12**	**106**	**7802**

* Kidnapping or Abduction, Assault, use of criminal force against woman, Criminal force to woman with intent to outrage her modesty, Minor cases of indecent expressions or gestures, Touching female in a sexually manner, Taking indecent loud, Slapped a woman, Tried to push away the woman/pulled her burqa, Striping of the cloths, Wrongful confinement, Selling minor for purposes of prostitution, Adultery, Defamation, Criminal intimidation etc.

Annex-II

VIOLENCE AGAINST WOMEN
2009

Category of crimes		Punjab	Sindh	NWFP	Balochistan	Islamabad	Railways	Northern Areas	AJK	Total
Domestic Violence	Murder	680	216	145	28	25	0	0	2	1096
	Beating	692	137	53	10	8	0	1	0	901
	Any other	247	33	46	3	0	0	0	0	329
Honour Killing		198	144	29	35	0	0	2	0	408
Burning	Acid	23	2	0	0	0	0	0	0	25
	Stove	6	0	0	0	0	0	0	0	6
Vini		6	0	3	0	0	0	0	0	9
Sexual violence	Rape	1837	183	35	11	0	1	2	19	2088
	Gang Rape	164	16	4	0	0	0	1	2	187
	Custodial	0	0	0	0	0	0	0	0	0
	Incest	7	0	1	0	0	0	0	0	8
Harassment at workplace	Physical	0	25	72	14	0	2	0	0	113
	Sexual	118	46	0	5	0	0	0	1	170
	Psychological	0	0	0	1	0	0	0	0	1
*Any other violence not listed above		2977	475	303	38	40	6	25	192	4056
Total		**6955**	**1277**	**691**	**145**	**73**	**9**	**31**	**216**	**9397**

* Kidnapping or Abduction, Assault, use of criminal force against woman, Criminal force to woman with intent to outrage her modesty, Minor cases of indecent expressions or gestures, Touching female in a sexually manner, Taking indecent loud, Slapped a woman, Tried to push away the woman/pulled her burqa, Striping of the cloths, Wrongful confinement, Selling minor for purposes of prostitution, Adultery, Defamation, Criminal intimidation etc.

STEPS TAKEN

Islamabad Capital Territory Police

1. Pro-Active policing strategics *i.e.* Safe Home Scheme is being implemented in all the Police Station. Special attention is being given to minimize the crime rate by adopting effective preventive measures.
2. A separate Women Police station has already been established in ICT for investiation of cases related to women and lady DSP has also been posted there who will supervise the investigations.
3. Effective use of trained women police officers in all police procedures and integrating their services with male police force.
4. Ensuring respect and protection of women seeking police assistance.
5. Ensure easy and immediate availability of policing services to women victims of violence.

NWFP Police

Cases ander the relevant laws of the land are registered, the persons who are found involved are arrested and they are produced to the court for trial.

Balochistan Police

i. Law of Karokari u/s 302-C PPC.
ii. Protection of Women Act 2007.

iii. Recently legislation has been made for prevention of harassment of women at work places.

جناب چیئرمین: جی مشہدی صاحب۔

Senator Col. Retd. Tahir Hussain Mashhadi: Thank you very much. The answers have been given by the Honourable Minister. First observation is that there are so many from Punjab, all these crimes against women, there is an inordinate high number in Punjab whereas less is shown in the other provinces but in addition to this the main problem is that when these crimes are committed against women

ان بیچاریوں پر جب ظلم ہوتا ہے، میرا سوال یہ ہے کہ پولیس کیس کیوں رجسٹر نہیں کرتی۔ کیوں ہر کیس میں ایسا ہوتا ہے، آپ اخبارات پڑھ لیں، ٹی وی چینل دیکھ لیں، ہر گاؤں میں جا کر پوچھ لیں، ہر دفعہ پولیس کرتی ہے registration of FIR, investigation کو delay کرتی ہے۔ جب تک ہمارا میڈیا اس کو highlight نہیں کرتا وہ ایف آئی آر رجسٹر نہیں ہوتی۔ ہماری عورتوں کو کسی قسم کا تحفظ نہیں دیا جاتا۔ پولیس ان کے ساتھ ایسا کیوں کرتی ہے؟

Is the government taking any step to ensure that women are protected properly under the law?

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب سوال کا جواب دیجیئے۔

I request the honourable members to put the questions.

جناب تسنیم احمد قریشی (وزیر مملکت برائے داخلہ) : معزز رکن نے جو بات کہی ہے کہ پنجاب کے اندر بہت زیادہ ratio ہے تو اس پر میں مختصراً عرض یہ کروں گا کہ پنجاب کی آبادی بھی سب سے زیادہ ہے جس کی وجہ سے یہ ہے۔ دوسرا جو انہوں نے کہا ہے کہ کیسز کی رجسٹریشن نہیں ہوتی اور کیسز کو investigate نہیں کیا جاتا، ہم نے جو دو سالوں کی detail دی ہے وہ تقریباً سترہ ہزار ہے۔ ان میں کچھ کیس under investigation ہیں اور کچھ under trial بھی ہیں۔ اس میں صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے، صوبائی معاملات ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ صوبے یہ ذمہ داری ادا کریں۔

جناب چیئرمین: جی ہمایوں صاحب۔

سینیٹر محمد ہمایوں خان: جناب والا! violence against women کے 7800 کیسز 2008 میں اور 9300 کیسز 2009 میں ہیں یہ violence against women کا بل نیشنل اسمبلی سے پاس ہوا ہے۔ سینیٹ میں آیا تو مولانا شیرانی صاحب نے اس پر اعتراض کر کے Mediation Committee کے حوالے کر دیا۔ اب وہاں Mediation Committee میں یہ حال ہے کہ سالہا سال تک بل نہیں نکلتا۔ میرا سوال یہ ہے کہ اس کے اوپر کام ہوگا یا پاس ہوگا یا وہیں پر پڑا رہے گا۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب تسنیم احمد قریشی: جناب چیئرمین! اس حوالے سے جو میرے دوست نے بات کہی ہے کہ Violence against Women Bill 2009 and Harassment against Working Women Bill, 2009 اسمبلی سے پاس ہو چکا ہے اور سینیٹ کو بھیج دیا گیا ہے۔ اب یہاں سے پاس ہونا ہے۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال حافظ رشید احمد صاحب۔

75. *Senator Hafiz Rashid Ahmad: Will the Minister for States and Frontier Regions be pleased to state:

(a) the procedure being adopted for implementation of rural development programme in FATA; and

(b) whether the members of Parliament are consulted in the implementation of the said programme?

Mr. Najmuddin Khan: (a) In the FATA ADP, Schemes under Rural Development Programme are being executed under nomenclature "Execution of Rural Works Programme" at various Agencies/FRs. RWP includes small drinking water supply schemes, protection bounds, small irrigation channels, water tanks and sanitation work. These schemes are identified by the Political Agents/DCO (FRs) being the Project Director for Programmes. An amount of Rs.117.00 Million (1.13%) has been allocated in the

FATA ADP 2009-10 for Rural Development Sector for all Agencies/FRs.

(b) As per policy of the present Govt: all the Political Agents/DCOs (FRs) have been directed in the high level meetings to consult their respective Parliamentarians while identifying schemes under all development programme including RWP. In line with the policy all Parliamentarians attended the Mid Year Review meeting held on 23.01.2010. All Parliamentarians including Senator Hafiz Rashid Ahmad participated in it. Wide ranging consultations among Political. Agents and Parliamentarians took place during these sessions.

In addition the Federal Govt: is providing development funds to Parliamentarians under PWP-I & II. Details of funds provided to Senator Hafiz Rashid Ahmad so far are as under:—

PWP-I = Rs.35.00 Million(Mohmand Agency)

PWP-II = Rs.69.300 Million(Kurram Agency & FR Bannu).

All the schemes under PWP-1 & 11 are exclusively identified by the concerned Parliamentarian.

جناب چیئرمین: جی سپلیمنٹری۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: شکریہ جناب چیئرمین! یہاں پر بڑی تفصیل کے ساتھ اس کا جواب دیا گیا ہے۔ میں اس کی تعریف کرتا ہوں۔ ماشاءاللہ لگتا ایسے ہے کہ آپ کی ہدایات کے مطابق، آپ کے احکامات کے مطابق عمل ہوا ہے، لہذا متعلقہ محکمے بھی مبارکباد کے مستحق ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ، نجم الدین صاحب نے محنت کی ہے۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: لیکن بات یہ ہے کہ یہاں پر یہ بھی بتایا گیا ہے کہ پارلیمنٹیرینز کے ساتھ بھی مشورہ کیا جاتا ہے اور متعلقہ پولیٹیکل ایجنٹس ان کے ساتھ میٹنگ بھی کرتے ہیں۔ ہم قطعاً

اس سے agree نہیں کرتے۔ یہ جھوٹ پر مبنی ہے، یہ غلط بیانی ہے، یہ غلط کہتے ہیں، وزیر صاحب کو اس کے متعلق کچھ کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب clarify کیجیئے۔

جناب نجم الدین خان: جناب چیئرمین! یہ دو قسم کے فنڈز ہیں۔ وہاں کی لوکل گورنمنٹ کے Rural Development Program کے لیے 117 ملین روپے رکھ دیئے گئے ہیں جو فاٹا اور FR کے علاقے کے لیے ہیں۔ اس میں موجودہ حکومت یا جو DCO ہے، یا DC ہے یا پولیٹیکل ایجنٹ ہے۔ ان کے جواب کے مطابق تمام ایم این ایز اس میں شامل ہوتے ہیں۔ Peoples Work I اور Peoples Work II پروگرام کے لیے ان کے جو مخصوص فنڈز ہیں ان کو بھی دیئے جا رہے ہیں۔ اس جواب میں صاف لکھا گیا ہے کہ پارلیمنٹیرینز کو بلا رہے ہیں اور ان سے مشورہ لے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی عباس خان صاحب۔

سینیٹر عباس خان: جناب والا! یہ جو FATA سے متعلق SAFRON کی منسٹری ہے آیا ان سے بھی اس بارے میں پوچھا؟ جس طرح انہوں نے سوال کا جواب دیا ہے، آیا سیفران منسٹری سے بھی اجازت لی جاتی ہے؟ آئین میں ایسا کچھ ہے کہ فاٹا سے سب کچھ create کیا جائے اور سیفران منسٹری صرف paper work کے لیے بیٹھے۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب نجم الدین خان: جناب چیئرمین! میں ان کی بات کو oppose نہیں کرتا ہوں۔ وہ جو جواب دیتے ہیں میں پارلیمنٹ میں responsible ہوں، پہلے بھی اس پر discussion ہو چکی ہے۔ Leader of the House کو بھی آپ نے ہدایت جاری کر دی تھی ۔ Rules of Business کے مطابق نہیں چلتے۔ وہ جو لکھ دیتے ہیں میں آپ کے سامنے پڑھ دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی عباس صاحب۔

سینیٹر عباس خان: جناب چیئرمین! Rules of Business پر چلنا چاہیے، اس کا سد باب ہونا چاہیے۔ فاٹا پورا علاقہ ہے، اس کے وزیر صاحب کو اس میں نہیں لیا جاتا، خالی سوال جواب

کے لیے ان کو ادھر بھیجا جاتا ہے۔ وہاں کے جو کام ہیں اس کا ہمیں نہیں پتا، وزیر صاحب کو نہیں پتا اور ایک ادارہ وہاں پر بنایا گیا ہے وہ اس کو چلاتا ہے۔ یہ کس طرح کا کالا قانون چل رہا ہے۔

جناب چیئرمین: یہ last time بھی ہوا تھا میں نے آپ سے (بخاری صاحب) بات کی تھی یہ SAFRON کا جو problem ہے۔

سینیٹر سید نیئر حسین بخاری (قائد ایوان): Last time بھی میری پرائم منسٹر صاحب سے بات ہوئی ہے۔

We have prepared a summery for the Prime Minister and after meeting with the Minister this will be sent to the Prime Minister.

جناب چیئرمین: جی، خٹک صاحب۔

Senator Afrasiab Khattak: In fact I was also raising the same question

کہ پارلیمنٹرین بیٹھے ہیں وہ کہتے ہیں ان سے مشورہ نہیں ہوتا۔ منسٹری بیٹھی ہے وہ کہتی ہے کہ ہمیں پتا نہیں ہے تو یہ FATA Secretariat ایک راجوڑا ہے اس کو ختم کرنے کا کوئی پروگرام ہے یا اس کو کسی قانون کے اندر لانے کا کوئی پروگرام ہے۔ منسٹر صاحب بتائیں گے۔

جناب چیئرمین: یہ last time بھی ہوا تھا میں نے بات کی تھی اور لیڈر آف دی ہاؤس پرائم منسٹر صاحب سے اس مسئلے پر بات کر رہے ہیں تو hopefully this matter will be resolved. جی بخاری صاحب۔

سینیٹر سید نیئر حسین بخاری: جناب والا! یہ آئے دن کے issues ہیں ان کو resolve ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین: جی، اس کو please have it resolved as quickly as possible جو next question حافظ رشید احمد صاحب کا ہے۔

76. ***Senator Hafiz Rashid Ahmad:** Will the Minister for States and Frontier Regions be pleased to state the number of vehicles purchased by the FATA Secretariat and its

attached institutions during the last five years indicating also the model and price in each case?

Mr. Najmuddin Khan: Request has been made to the FATA Secretariat to furnish the reply of the question. That Secretariat has informed that the reply of the question is being collected from the subordinate formations of FATA Secretariat and hopefully replies to the question will be furnished in the next week positively.

Mr. Chairman: Any Supplementary?

سینیٹر حافظ رشید احمد: جناب چیئرمین! آپ مجھے موقع نہیں دیتے اللہ تعالیٰ مجھے موقع دیتا ہے۔ جناب چیئرمین! یہاں یہ بتایا گیا ہے کہ فاٹا سیکرٹیریٹ کو جواب فراہم کرنے کے لیے استدعا کی گئی ہے، اس سیکرٹیریٹ نے اطلاع دی ہے کہ ماتحت اداروں سے مطلوبہ معلومات اکٹھی کی جارہی ہیں اور امید ہے اگلے ہفتے کے دوران جواب موصول ہوجائے گا۔ جناب چیئرمین! یہاں 30-1-2010 کو میں نے یہ سوال جمع کرایا ہے۔ ابھی ایک مہینہ مکمل ہونے والا ہے۔ ابھی تک جواب موصول نہیں ہوا، یہ زیادتی نہیں ہے تو اور کیا ہے؟

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب نجم الدین خان: جناب چیئرمین! میں کہوں گا کہ جواب موصول نہیں ہوا ہے۔ اس بارے میں کوشش کی ہے۔ میرے پاس تمام record ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم جوابات اکٹھے کر رہے ہیں۔ جواب دیں گے۔

جناب چیئرمین: دیکھیئے نا، آپ کو جواب مل جائے۔ اس کو next rota day پر ضرور لیں۔ اس question کو next rota day کی list میں رکھ دیجیئے۔ and please see to it اس کا جواب ہر صورت میں آنا چاہیے۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: جناب! اگر اس کی بات نہیں مانی جاتی تو Interior Minister کو کہیں کہ میرا کہا نہیں مانا جاتا اور اس پر action لے لیں۔

جناب چیئرمین: بخاری صاحب دیکھیئے یہ دو دفعہ ہو چکا ہے کہ سوال کا جواب نہیں آیا۔ Please talk to the Prime Minister Sahib کہ منسٹر صاحب کے کہنے کے باوجود بھی یہ جواب نہیں آرہا۔ question No. 76 اور حافظ صاحب کی شکایت بالکل درست ہے۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Next question. Dr. Ismail Buledi Sahib.

135. *Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) the number of persons working in FIA with province-wise break up; and

(b) the number of persons appointed in the said department during the last three years with province-wise break up'?

Reply not received

جناب چیئرمین: اس کا جواب نہیں آیا ہے۔ اس کو بھی next rota day پر رکھ لیتے ہیں۔ Minister Interior صاحب اس کا جواب کیوں نہیں دیا گیا؟ ایک منٹ ڈاکٹر صاحب۔ اس کا جواب کیوں نہیں آیا۔ اس کی وجہ کیا ہے۔ میں خود ہی پوچھ رہا ہوں۔ آپ فکر نہ کیجئے۔

جناب تسنیم احمد قریشی: جی۔

جناب چیئرمین: دیکھیئے اس کا نوٹس ۲۳ جنوری ۲۰۱۰ کو دیا گیا ہے۔ اس کے بعد یہ آپ کو ملا۔ میں تمام ministers کو request کروں گا کہ اپنے departments والوں کو instructions دیں کہ وقت کے اوپر جواب آنا چاہیے کیونکہ honourable member سوالات کرتے ہیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین: اور ان کا حق ہے کہ یہ جواب وقت پر آنا چاہیے۔

These are the orders issued to all the ministers that at the proper time the reply to all the questions should come.

Mr. Tasneem Ahmed Qureshi: I assure you. Sir, next time...

Mr. Chairman: And I hope that will not happen next time. Next question Dr. Ismail Buledi Sahib.

136. *Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) the educational qualification and experience of the incumbent Chairman, NADRA and the salary, allowances and other fringe benefit admissible to him; and

(b) the criteria adopted for this appointment?

Senator A. Rehman Malik: (a) Educational Qualification and Experience

(i) Mr. Ali Arshad Hakeem, Chairman NADARA, has a rich professional background and experience. He has worked both in public and private sectors in Pakistan and abroad in holds degrees in Electrical Engineering from University of Engineering and Technology, Lahore with focus on Communication, Electronics and Computer Systems.

(ii) Master in Business Administration from Chanfield University, London, UK and LLB from University of Punjab.

(iii) After serving in Pakistan's Contral Board of Revenue for ten years in Senior Management positions, he went abroad for higher education, in 1997 started his own

technology business raising venture capital from Mercury Asset Management, UK.

(iv) He has been closely involved with a Business Process outsourcing oporations, Computerization of Land Records and Automation of Customs process in Pakistan.

(v) His special interests including data mining for National Security, Poverty Alloviation and Social Sector Programmes.

(vi) He is the architect of recently launched internally Displaced Persons (IDPs) Cash Disbursement Programe.

Salary, Allowance and other fringe benefits (MP-I Scale)

Salary : Rs. 2,40,000/- per month

House Rent Allowance: Rs. 75,000/- per month

Utility Allowance: Rs. 9,750/- per month

TA/DA Allowance: on domestic official tours as admissible to the civil servants of highest grade and in case of official duty abroad entitled to TA/DA allowance to civil servants in Category 1.

Medical Facility: Entitled to reimbursement of medical and hospitalization charges, self, spouse and children for treatment received at Government of Government recognized hospitals in Pakistan

Provision of Car: Entitled to 1600 CC chauffeur driven car to be maintained at the expense of NADRA for his official and provate use with a POL limit of 340 litres per month.

Gratuity: Entitled to one month's pay for each completed year of services as gratuity.

(b) Mr. Ali Arshad Hakeem has been appointed by the Federal Government as Chairman NADRA on contract basis *vide* Establishment Division Notification No. 1/79/2004-E-6 dated 11 Aug 2008. .

Mr.Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین صاحب! میں نے نادرا کے چیئرمین کے حوالے سے یہ پوچھا تھا کہ ان کی تعلیمی قابلیت، الاؤنسز اور تنخواہ وغیرہ۔ تو انہوں نے ایک detail دی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہاں جو بھی key posts ہیں۔ جتنے بھی departments ہیں ان کو سیاسی حوالے سے پر کرتے ہیں۔ اگر بلوچستان کی قسمت میں اس طرح نادرا کا چیئرمین یا کوئی NGO

جناب چیئرمین: سوال کر لیجئے گا۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: تو میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان جو پسماندہ چھوٹا صوبہ ہے۔ اس کی بھی کبھی باری آئے گی۔ یا نہیں۔

جناب چیئرمین: بلوچستان کی باری آئے گی یا نہیں۔ ڈاکٹر صاحب کا سوال ہے۔ منسٹر صاحب جواب دیجئے۔

جناب تسنیم احمد قریشی: جی، اس میں میں عرض کروں گا کہ انشاء اللہ سب کی باری آئے گی تو نادرا کے چیئرمین کی جو appointment ہے۔ وہ rules کے مطابق ہے اور وہ highly qualified man ہیں۔ پرائیویٹ سیکٹر اور پبلک سیکٹر دونوں میں انہوں نے کام کیا ہے اور بڑے اچھے طریقے سے نادرا کے set up کو لے کر چل رہے ہیں اور بڑی خوش آئندہ بات ہے کہ انہوں نے نادرا کے حوالے سے سوڈان اور نائیجریا کے ساتھ ہمارے پاس جو سسٹم ہے ان کا agreement کیا ہے اور ایک business نادرا کو لے کر دے رہے ہیں۔ تو کافی appreciation ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین: جی، بلور صاحب۔

سینیٹر محمد الیاس بلور: میں honourable Minister سے یہی request کر رہا ہوں کہ یہ جو صاحب علی ارشد حکیم ہیں۔ یہ تو الیکٹرانک انجینئر ہیں۔ الیکٹرانک انجینئر صاحب کو آپ نے نادرا کا چیئرمین بنا دیا۔ بڑے افسوس کی بات ہے۔ اس کو انجینئرنگ کونسل یا کسی اور جگہ بھیج دیا جاتا تو زیادہ اچھا تھا۔ یہاں کوئی اچھا سا آدمی لگاتے۔

جناب چیئرمین: اس میں لکھا ہوا ہے۔

Electrical Engineer from University of Engineering and Technology, Lahore with focus on Communication, Electronics and Computer Systems, yes

جناب تسنیم احمد قریشی: اس کے ساتھ ساتھ Chanfield University UK سے M.Phil کیا ہے۔ LLB بھی ہیں اور بہت ہی competent man ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ merit پر ہیں تو میرے خیال میں ایسے لوگوں کو encourage کرنا چاہیے تاکہ وہ ملک و قوم کی زیادہ خدمت کر سکیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ Nest question

137. *Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) the number of NADRA Centres established abroad;

(b) the number of Computerized National Identity Cards (CNIC) issued by the said centres since January, 2009, with month-wise break up; and

(c) the number of persons working at NADRA centres in Abu Dhabi, Dubai, Bahrain, Kuwait, Iran and Qatar with province-wise break up?

Senator A. Rehman Malik: (a) 10 x NADRA Centres have been established abroad as given below:—

S.No.	Country	Centres

1.	U.K	4
2.	UAE	2
3.	Saudi Arabia	3
4.	Italy	1

(b) 66,825 Computerized National Identity Cards (CNICs) issued by these centres since January, 2009. The month - wise break – up is attached at Annex-A.

(c) 11 persons are working in NADRA centres in Abu Dhabi, Dubai, Bahrain, Kuwait and Qatar where as no centre is working in Iran. Province-wise break up of employees in these centres is attached at Annex-B.

Annex-A

NADRA SWIFT REGISTRATION CENTRES ABROAD

Detail of Tokens issued for the period from Jan 09 – Dec 2009

	UK				Saudi Arabia			UAE		Italy	Total
Month	London	Manchester	Birmingham	Bradford	Madina	Jeddah	Riyadh	Abu Dhabi	Dubai	Milan	
Jan	1623	728	849	0	482	1244	522	293	404	174	6319
Feb	1844	697	1046	0	338	1028	694	234	286	171	6338
Mar	1635	472	748	240	355	911	769	251	370	57	5808
Apr	1721	778	1137	432	337	1032	880	264	333	157	7071
May	1463	683	854	201	313	810	819	266	358	165	5932
Jun	1295	700	566	173	221	732	810	366	424	206	5493
Jul	1104	643	642	159	345	787	876	256	441	129	5382
Aug	1461	691	612	107	306	807	821	268	420	224	5717
Sep	1075	525	596	83	58	457	466	172	236	80	3748
Oct	2064	956	793	98	62	816	832	282	386	143	6432
Nov	1380	525	703	50	142	349	412	166	308	90	4125
Dec	1518	491	692	34	94	380	480	347	403	21	4460
Total	**18183**	**7889**	**9238**	**1577**	**3053**	**9353**	**8381**	**3165**	**4369**	**1617**	**66825**

Annex-B

DETAIL OF STAFF WORKING IN NADRA CENTRES.

S.No	Location	Post	No of Employees	Province/ Domicile
1.	Abu Dhabi	Manager	01	Punjab
		DEO	01	NWFP
		NADRA Assistants	02	Local Based Pakistani
2.	Dubai	DEO	1	Punjab
		NADRA Assistants	3	Local Based Pakistani
3.	Bahrain	NADRA Assistant	1	Local Based Pakistani
4.	Qatar	NADRA Assistant	1	Local Based Pakistani
5.	Kuwait	NADRA Assistant	1	Local Based Pakistani

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میں نے منسٹر صاحب سے پوچھا تھا کہ out of country کتنے نادرا کے stations ہیں اور خاص طور پر میں نے اس میں کچھ locations mention کی تھیں ، ابوظہبی ، دوبئی ، بحرین، کویت، ایران اور قطر ۔ اس میں صوبہ وار جو employees ہیں ان کا بھی بتائیں۔ تو جناب ! انہوں نے بتایا ہے کہ جو ملازمین ہیں اس میں چھوٹے صوبوں کا ایک فاٹا کا اور ایک فرنٹیئر کا ہے ۔ باقی سارے پنجاب کے ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ میں وہاں مسقط، بحرین، قطر ، کویت دورے پر گیا تھا وہاں لوکل بلوچی بھی بہت سے رہتے ہیں ۔ جناب چیئرمین ! ان کو language کا بھی مسئلہ ہوتا ہے تو اگر منسٹری ان کو order دے کہ وہاں پر جو لوکل بلوچی ہیں وہ تعلیم یافتہ ہیں ان میں سے کسی کو reroute کرکے وہاں پر رکھا جائے تو لوگوں کی حوصلہ افزائی ہو جائے ۔ تو یہ کیوں اس طرح کرتے ہیں کہ بلوچستان کو ہر چیز میں ، ہر جگہ پر، نظر انداز کرتے ہیں ۔ تو اس طرح کا ان کا کوئی پروگرام ہے کہ وہ ایسے کریں اور نمبر ۲۔ سیکشن میں میں نے کہا ہے کہ کتنے cards issue ہوئے ہیں ۔ انہوں نے بتایا ہے کہ 66825 cards issue کیے ہیں ۔ ان کی جو income ہوتی ہے منسٹر صاحب بتائیں کہ یہ کہاں خرچ کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب تسنیم احمد قریشی: جو working staff میں ہیں ۔ ایک Manager کی post اور ابوظہبی میں DEO کی ہے ۔ وہاں پر دیکھیں کہ اگر ایک پنجاب سے ہے تو ایک پختون خواہ سے بھی ہے ۔ تو اسی طرح کچھ لوگ یہاں سے جو بھیجے جاتے ہیں ان میں بالکل یہ ہوتا ہے لیکن سینیٹر صاحب نے جو بات کہی ہے کہ local based جو لوگ ہیں ۔ اس میں بلوچستان کے بھی لوگ ہوتے ہیں تو اس کے حوالے سے بھی میں عرض کروں گا کہ وہاں پر local based competence abroad میں دیکھی جاتی ہے تو اس میں interview کے بعد وہاں پر manage کیا جاتا ہے ۔ وہاں کے Ambassador کے ذمے ہوتا ہے کہ نادرا کے حوالے سے جو لوگ ہیں ان کو arrange کیا جائے اور ان چار ملکوں کے اندر جو گیارہ آدمی ہیں جن کے حوالے سے ابھی انہوں نے بات کی ہے اور مسقط کے حوالے سے معزز ممبر نے بات کی ہے تو اس کے حوالے سے میں یہ عرض کروں گا کہ جہاں ہمارے پاکستانیوں کی majority موجود ہے تو وہاں پر ہم نے باقاعدہ نادرا کے دفاتر بنائے ہیں لیکن جہاں ہمارے چند

پاکستانی ہیں ان کو وہاں ہم ایمبیسی کے ایمبیسڈر کے حوالے کرتے ہیں کہ وہاں local employees رکھ لیں۔ تاکہ minimum salary میں لوگ accommodate ہو سکیں اور لوگوں کو facilitate کیا جا سکے تو معزز ممبر کا view بالکل اپنی جگہ پر ٹھیک ہے تو اس حوالے سے ہم نادرا کے چیئرمین کو direction دیں گے کہ وہاں پر بلوچستان، پختون خواہ اور سندھ کے لوگوں کو adjust کیا جائے۔

جناب چیئرمین: جی پروفیسر صاحب۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: میرا سوال وزیر محترم سے اتنا ہے کہ آپ نے کہا ہے کہ باہر آپ کے جو Centres ہیں وہ دس ہیں اور ان میں UK, UAE, Saudi Arabia, Italy ہیں لیکن 'C' میں آ کر جواب دیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ Eleven persons are working in NADRA centres in Abu Dhabi, Bahrain, Kuwait and Qatar یہ اوپر لسٹ میں Centres کیوں نہیں ہیں۔ یہ centres نہیں ہیں تو یہ کوئی اور چیز ہے یا کیا چیز ہے؟

جناب تسنیم احمد قریشی: جناب والا! NSRC کا مطلب ہے NADRA Swift Registration Center جیسے پاکستان کے مختلف شہروں میں نادرا کے بڑے اچھے دفاتر بنے ہوئے ہیں۔ اسی style کے ان چار ممالک میں دفاتر موجود ہیں۔ یو کے میں ہمارے چار سینٹرز ہیں۔ یو اے ای میں دو سینٹر ہیں۔ سعودی عرب میں تین سینٹرز ہیں۔ اٹلی میں ایک سینٹر ہے۔

جناب چیئرمین: ان کا سوال کچھ اور ہے۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: میں اس کو سمجھ رہا ہوں۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ نے کہا ہے کہ صرف ان ممالک میں آپ کے centers ہیں جبکہ آپ نے کہا ہے کہ NADRA centers in Adu Dhabi, یہ cover ہو گئے ہیں لیکن بحرین، کویت اور قطر یہ تین ملک ہیں جہاں آپ کے سنٹر ہیں لیکن ان میں province wise position کیا ہے؟

جناب چیئرمین: اس کی وجہ بتائیے۔

جناب تسنیم احمد قریشی: اس میں، میں یہ عرض کروں گا کہ یہاں پر سینٹرز نہیں ہیں۔ وہ غلطی سے انہوں نے وہاں پر لکھ دیا ہے لیکن Embassy نے local arrangement کیا ہوا ہے، hire کیا ہوا ہے اور NADRA salary دیتی ہے۔

جناب چیئرمین: معزز سینیٹر نے بڑی right pointation کی ہے۔

This is an example, we have to be very careful in giving answers to the question raised by the honourable Members. Next question Talha Mahmood Sahib.

139. *Senator Muhammad Talha Mahmood: Will the Minister for Defence be pleased to state the profit earned by Pakistan International Airlines during the last five years and details of its utilization?

Ch. Ahmed Mukhtar: (a) PIA did not earn profit during the last five years. Due to continuous losses, the question of profit utilization does not arise.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب والا! یہ پوچھا گیا تھا کہ پچھلے پانچ سالوں کے دوران پی آئی اے نے کتنا منافع کمایا ہے۔ اس کا جواب دیا گیا ہے کہ کوئی منافع نہیں کمایا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پی آئی اے پاکستان میں ایک معمہ بن گیا ہے کہ نفع بھی نہیں کماتا اور ان کے جو افسر صاحبان ہیں اور موجودہ Managing Director کو اگر کوئی ممبر قومی اسمبلی یا سینیٹر یا وزیر بھی فون کرے تو اس کا جواب ہی نہیں دیتا۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب! آپ سوال کیجیے۔This is Question Hour.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب والا! میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اگر پی آئی اے منافع نہیں کماتا تو آیا منسٹری نے کبھی ان کا کوئی audit کیا ہے، اس کے افسر جو عیاشیاں کرتے ہیں ان کے خرچے کم کرنے کا کوئی پروگرام ہے؟ اگر نہیں تو پی آئی اے کے حوالے سے ایک دن میں پوری debate کی جائے۔ پی آئی اے کو جو خسارہ ہو رہا ہے اس کا ذمہ دار کون ہے؟

جناب چیئرمین: جی! وزیر صاحب، سوال کا جواب دے دیجیے۔

Ch. Ahmed Mukhtar (Minister for Defence): Thank you, Mr. Chairman! I would like to point out that PIA is in doldrums. PIA

has been losing money and efforts are being made so that the losses are reduced. Initially, you have to reduce the losses and only then you can go towards profit. In the past 5 years if you look at the history of PIA, the losses in the year 2005 were to the tune of four thousand four hundred ten million rupees which went up to 35 billion rupees in the year 2008 and in year 2009 January to December, we have managed to bring down the losses to 10 billion. These losses also include the amount of money we have borrowed from various banks to run this organization and we are paying interest on that. General understanding or feeling with the people in Pakistan is that PIA is borrowing money from the Government of Pakistan which is true and not true. True, it is that we are borrowing money from the banks which also belong to the Government of Pakistan and not true is that it is just a loan, a commercial loan taken by PIA to manage and run the organization. Every effort is being made to cut down the expenses and very shortly we will be giving out the details of the year 2009 to the media as well as to the people of Pakistan and you will see that genuine efforts have been made by all concerned, where we have managed to reduce the cost of, specially, the cost of the senior management. We have been trying to cut down on that at various sections and we have managed successfully. There is a loss of about 6 billion rupees because of the rupee dollar parity. The dollar went stronger against the rupee and we have lost 4-6 billion due to that. We have also lost about 5 billion due to the financial cost which we have incurred in this month. So, if we look at it, it is after so many years that PIA, in the year 2009, will be making a gross profit which is, I think, very encouraging but after losing so much money if we are bearing all the financial crunch and we are still going towards making gross profit then I am sure that the

management is slightly doing better than what has been done in the past.

Mr. Chairman: Ahmed Ali.

سینیٹر احمد علی: جناب والا! میں یہ سن کر بڑا خوش ہوا کہ وزیر صاحب نے تسلیم کرلیا کہ PIA is in doldrums. میرا سوال straight یہ ہے کہ میں نے اس دن یہ point out کیا تھا کہ Karachi airport پر کوئی merit کا خیال نہیں کر رہا۔ کیا پی آئی اے کو politics کا ادارہ بنا دیا گیا ہے یا کوئی merit وہاں پر کام کر رہا ہے۔ کس طرح آپ ایک ممبر قومی اسمبلی کو کہتے ہیں کہ آپ نہیں بیٹھ سکتے اور دوسرے شخص کو آپ ticket issue کر رہے ہیں اور ممبران قومی اسمبلی تو یہاں کسی وجہ سے آرہے ہیں ورنہ انہیں کوئی شوق نہیں ہے اسلام آباد آنے کا۔

Mr. Chairman: Yes. Minister Sahib.

Ch. Ahmed Mukhtar: Mr. Chairman! we have got this complaint from various members that the staff over there had misbehaved with these people and we are taking action against those people. I have today told the Managing Director PIA that we must weed out the entire Karachi staff over there and the commitment he has taken from me that if I do change all these people then you will be coming to me to make all the changes because the members will be running after you that this person should be sent to Karachi on that position. So, if you can give this commitment, yes, I will do all the changes.

جناب چیئرمین: اگر آپ merit پر change کرتے ہیں اور کوئی کسی کی سفارش کرتا ہے تو آپ ایوان کو بتا دیجئے۔ یا اگر کوئی ممبر سفارش کرتا ہے چاہے وہ ممبر قومی اسمبلی ہو یا سینیٹر تو پھر آپ House کو بتائیے اور اس ممبر کو بھی بتائیے۔ احمد علی صاحب کو یہ بات بتائیے جنہوں نے یہ شکایت کی ہے کیونکہ شکایت اگر صحیح ہے تو اس پر عمل ہونا چاہیے۔

چوہدری احمد مختار: ان کی شکایت genuine ہے۔

جناب چیئرمین: اس پر عمل ہونا چاہیے۔

چوہدری احمد مختار: ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: کلثوم پروین صاحبہ۔

سینیٹر کلثوم پروین: میں وزیر موصوف سے یہ کہنا چاہ رہی تھی کہ اگر آپ کا منافع نہیں ہے تو خسارے کو کم کرنے کے لیے کیا کیا تجاویز ہیں۔ یہ اتنا بڑا ادارہ ہے جو نقصان کی طرف جا رہا ہے تو اس نقصان کو ختم کرنے کی کوئی تجویز ہے جو فوری طور پر ہو یا جو پارلیمنٹ سے متعلق ہو اور ہم اسے کر کے دیں تا کہ اس ادارے کے نقصان کو کسی طریقے سے کم کرنے کے لیے کوئی تجویز دی جائے۔

جناب چیئرمین: بڑا اچھا سوال ہے۔ جی! وزیر صاحب۔

Ch. Ahmed Mukhtar: Thank you, Mr. Chairman! I would like to mention here that PIA is making efforts to make money and turn the whole thing around. We have focused that if we can increase the sales, we will be able to do much better because at this position where we are utilizing our aircrafts to the maximum we have no other way of earning money, so we have started an engineering department within PIA where they will be doing the overhauling of the engines of the aircrafts and in this way there will be a saving of about 12 to 15 million dollars a year. These kind of things, we are working on and these are the things which you can not do over night because you got to have a complete set up to do all these things but we are aware of this fact that we have to make the PIA profitable. We are also looking at various routes where we are losing money, specially the routes within Pakistan and if these routes don't make money for us, we can either stop them or ask the Government of Pakistan to pay the differential between the losses and the profits which we are supposed to make. So, we are aware of the losses and we are aware of the way, we are going out of these losses. The airline industry world wide is losing money. It is not only in Pakistan. This year the

estimated losses for the airline industry by IATA is about 11 billion dollars. So, we are not the only people in Pakistan who are losing money, it is all over the world. There are some small airlines which are making money because there overheads are very nominal and they are just running the aircrafts by paying the lease or whatever. Thank you.

Mr. Chairman: Prof. Ibrahim Khan Sahib.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: جناب والا! اس میں profit earning and its utilization کے بارے میں پوچھا گیا ہے اور اس کے جواب میں کہا گیا ہے کہ question does not arise, so when will question of profit utilization arise? اور پی آئی اے کب تک منافع میں آجائے گا۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب! کب تک پی آئی اے منافع میں آجائے گا۔

Ch. Ahmed Mukhtar: Sir, I can not forecast the future of Pakistan and the organization. As I said that we are making our best efforts to make PIA profitable but we have inherited an organization which has lost a lot of money, which was losing money and we are trying to stop these losses and I am sure that after a couple of years on the road, we should be able to do much better.

Mr. Chairman: Dar Sahib.

Senator Sardar Mohammad Jamal Khan Leghari: Sir, I strongly object what the honourable minister replied. He said I can not forecast the future of Pakistan. When a sitting minister holding a very important portfolio, not anything less than Defence says that he can not forecast the future of Pakistan. What signal is he sending in the neighbouring hostile India? Can you kindly either expunge his remarks or please ask him to make a correction on the floor of the House.

جناب چیئرمین: Clarify کر دیں.what do you mean by this

Ch. Ahmed Mukhtar: I never meant what the honourable member is thinking. I was talking in terms of the industry which is in Pakistan. I was not talking on the basis of the whole Pakistan and what India is going to think. There are so many other things we talk in media and we conduct.....

Mr. Chairman: You are talking in the context of industry. Ishaq Dar Sahib.

Senator Mohammad Ishaq Dar: Sir, honourable minister would recall that at the end of April, 2008 PIA administration

کے ساتھ ایک میٹنگ ہوئی تھی۔ اس میں وزیر اعظم صاحب تھے اور یہ خود بھی تھے،اس وقتFinance Minister میں بھی موجود تھا unluckily as and he gave three weeks to the administration of PIA to come back with three alternatives that how they are going to turn this institution into a break even and get rid of losses. Sir, obviously we came out of the Cabinet after two days. منسٹر صاحب اس وقت سے ہیں ، اور وہ ان کے under تھا تو کیا آج تک ان کو وہ three alternatives ملے ہیں جو انہوں نے بنانے تھے to bring it at break even or not. If there is anything, he should share with us.

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

چوہدری احمد مختار: میں اس وقت House کو assure کرنا چاہتا ہوں کہ وہ جو alternatives تھے، ہم نے جو proposals بنائی تھیں، اسحاق ڈار صاحب کے جانے کے بعد when the new people came in, they said we don't have money and no money was given to PIA. ابھی میں نے clear کیا ہے کہ

we are working on borrowed money and I don't know how long we are going to last out that borrowed money.

جناب چیئرمین: جی سیمیں صاحبہ۔ Last question اس کے کافی questions ہو گئے ہیں۔

سینیٹر سیمیں صدیقی: شکریہ، جناب چیئرمین! میرا honourable minister سے سوال ہے کہ when PIA is incurring such heavy losses due to mismanagement یا ان کا vision نہیں ہے تو ہم سنتے ہیں کہ PIA is going to be privatized. اس سلسلے میں کیا پیش قدمی ہوئی ہے؟ کیا حکومت اس کو privatize کرنے کے لیے serious ہے اور اگر ہے تو پھر کیا اقدامات لیے جا رہے ہیں کیونکہ I think اس کا علاج یہ ہے کہ اس کو privatize کر دیا جائے۔

Mr. Chairman: Question is that, is it being privatized?

Ch. Ahmed Mukhtar: Mr. Chairman! as far as privatization is concerned, people are working on these also. Privatization Commission is working but the organization which has incurred these kind of losses, I don't know whether we will get some good customers who will pay us and we will be able to come out of this loss but right now we have no buyer.

جناب چیئرمین: کافی سوالات ہو گئے ہیں۔

